قرارداد نمبر 315

منجانب:۔ محترمہ آسیہ صالح خٹک، جناب محمود جان صاحب ڈپٹی سپیکر، جناب کامران خان بنگش سپیشل اسسٹنٹ برائے وزیر علیٰ، محترمہ آسیہ اسد صاحبہ اور محترمہ عائشہ نعیم صاحبہ اراکین صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

ہر گاہ کہ انسانی حقوق کے لئے کام کرنے والی تنظیمیں اور افراد اجتماعی اور انفرادی طور پر آئین پاکستان میں دیئے گئے بنیادی حقوق، آزادی اور انسانی حقوق کو یقینی بنانے کے حوالے سے اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ اقوام متحدہ کے اعلامیہ برائے انسانی حقوق کارکنان آرٹیکل 1 کے مطابق،، ہر شخص کو انفرادی اور اجتماعی طور پر یہ حق حاصل ہے کہ وہ اکیلے یا دوسروں کے ساتھ ملکر انسانی حقوق کی صورتحال اور بنیادی حقوق کو صوبائی، ملکی اور عالمی طور پر بہتر بنا سکے۔ خیبر پختونخوا اسمبلی انسانی حقوق کے لئے کام کرنے والے افراد اور تنظیموں بشمول وکلاء اساتذہ اور صحافیوں کی کام کی قدر کرتی ہے اور خیبر پختونخوا حکومت اس عزم کا اعادہ کرتی ہے کہ پاکستانی شہری کی بنیادی حقوق کی حفاظت کی جائے گی۔

لہذا یہ اسمبلی صوبائی حکومت سے سفارش کرتی ہے کہ انسانی حقوق کے کارکنان کی حفاظت کے حوالے سے قانون سازی کی جائے۔ جس کا وعدہ حکومت خیبر پختونخوا کے انسانی حقوق کی پالیسی 2018ء میں کیا گیا تھا۔

Adopted unanimously

12/9/19

6:25 PM

Law